**Shabbir / Fazil**

**26-01-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- ملک آج 77 واں یومِ جمہوریہ منا رہا ہے۔ قومی راجدھانی میں کرتویہ پتھ پر، یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں بھارت کی فوجی طاقت اور مالا مال ثقافتی ورثے کو نمایاں کیا جائے گا۔

2- نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام کو یومِ جمہوریہ کی مبارکباد دی ہے۔

3- یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فوندیر Leyen، یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

4- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کی اقتصادی تقدیر کی تشکیل میں، آتم نربھرتا اور سودیشی، رہنماء اصول ہیں۔ انہوں نے بھارت کے نوجوان چھوٹے کاروباریوں، کھیل کود سے وابستہ شخصیتوں، سائنسدانوں اور پیشہ ور افراد کی تعریف کی ہے کہ انہوں نے ملک کو توانائی بخشی اور عالمی سطح پر اپنی چھاپ چھوڑی۔

5- اس سال کے پدم ایوارڈز کیلئے 131 امتیازی شخصیتوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اداکار دھرمیندر اور مموٹی، سپریم کورٹ کے سابق جج K T Thomas اور گلوکارہ الکا یاگنِک اور کرکٹ کھلاڑی روہت شرما اِن شخصیتوں میں شامل ہیں۔

6- مسلح فوجوں کے 70 اہلکاروں کیلئے بہادری انعامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شُبھانشو شکلا کو اشوک چکر سے نوازا گیا۔

7- اور کرکٹ میں، بھارت نے تیسرے T20 میچ میں نیو زیلینڈ کو 8 وکٹ سے کراری شکست دے کر، پانچ میچوں کی سیریز میں تین-صفر کی ناقابلِ تسخیر سبقت حاصل کر لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Republic Day Parade

قوم، آج اپنا 77 واں یومِ جمہوریہ منا رہی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نئی دِلی میں، کرتویہ پتھ پر اِس دن کی

تقریبات منانے میں قوم کی قیادت کریں گی۔

یومِ جمہوریہ کی پریڈ صبح ساڑھے دس بجے شروع ہوگی اور یہ تقریباً 90 منٹ تک جاری رہے گی۔

ایک رپورٹ

V/C - Pallavi

کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کی پریڈ بھارت کے ثقافتی تنوع اور فوجی بہادری کا ایک منفرد امتزاج ہوگی۔

اِس سال کا موضوع ہے: ''سوتنتر کا منتر: وندے ماترم'' اور ''سمردھی کا منتر: آتم نربھر بھارت''۔

پریڈ، وزیراعظم نریندرمودی کے ہاتھوں، نیشنل وار میموئل پر گل دائرہ نذر کرنے کے ساتھ شروع ہوگی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کرتویہ پتھ پہنچیں گی اور ایک رسمی مارچ پاسٹ کی سلامی لیں گی، جس میں مسلح فوجوں، نیم فوجی دستوں، امدادی سول دستوں، NCC اور NSS کی شاخیں بھی شامل ہیں۔

یوروپی کونسل کے صدر انتونیو لوئی سنتوس دا کوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فون ڈیر Leyen، یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

پریڈ میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں، مرکزی سرکار کی وزارتوں اور محکموں کی 30 جھانکیاں پیش کی جائیں گی۔ اِن جھانکیوں میں قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال اور مختلف شعبوں میں بڑھتی ہوئی خود کفالت کے پس منظر میں قوم کی تیز رفتار ترقی کا ایک منفرد امتزاج نمایاں کیا جائے گا۔

فوج کی تینوں شاخوں کی جھانکی، آپریشن سندور: ''مشترکہ کارروائی کے ذریعے فتح کا حصول'' کے عنوان کی عکاسی کرے گی، جس میں بھارتی فوج، بحریہ اور فضائیہ کی اجتماعی طاقت، اتحاد اور سالمیت کا مظاہرہ کیا جائے گا۔ مویشیوں کے ایک دستے سمیت بھارتی فوج کے 7 مارچنگ دستے سلامی پیش کریں گے۔ فوج کے 18 مارچنگ دستے اور 13 بینڈز بھی پریڈ میں شامل ہوں گے۔

فوج، پہلی بار جنگی صف کا منظر پیش کرے گی۔ اس پریڈ میں رفال، SU-30، C95 ، مِگ 29، اپاچے سمیت 29 جنگی طیارے فلائی پاسٹ کریں گے اور اس کے ساتھ ہی یہ پریڈ اختتام پذیر ہو جائے گی۔

2 ہزار 500 فنکار ثقافتی پروگرام پیش کریں گے۔ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی خصوصی شخصیتوں کو حکومت کے خصوصی مہمانوں کے طور پر پریڈ کا نظارہ کرنے کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ آمدنی اور روزگار کے موقعے پیدا کرنے، ٹکنالوجی، اختراع، اسٹارٹ اَپس اور اپنی مدد آپ گروپوں سے وابستہ مثالی کام انجام دینے والے لوگوں سمیت 50 زمروں میں 10 ہزار خصوصی لوگوں کو بھی پریڈ کا نظارہ کرنے کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔

پلوی پرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM Repubic Day

وزیر اعظم نریندر مودی نے یومِ جمہوریہ کے موقعے پر ملک کے عوام کیلئے نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے خواہش کا اظہار کیا کہ یہ موقع ایک ترقی یافتہ ملک کی تعمیر کیلئے ملک کے شہریوں میں ایک نئی توانائی اور جوش و خروش بخشے گا۔×

VP Republic

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقعے پر بھارت اور بیرونِ ملک بھارتی شہریوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس دن بھارت کا جشن ایک درخشاں جمہوریہ کے طور پر منایا جاتا ہے، جس کی بنیاد لازوال انصاف، آزادی، برابری اور بھائی چارے پر قائم ہے۔×

Rev.Prez Address to nation

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے خاص طور پر کہا ہے کہ ملک کی اقتصادی تقدیر کو شکل دینے کے سفر میں، آتم نربھرتا اور سودیشی، رہنما اصول ہیں۔ انہوں نے بھارت کے نوجوان چھوٹے کاروباریوں، کھیلوں سے متعلق شخصیتوں، سائنسدانوں اور پیشہ ور افراد کی طرف سے، قوم کو توانائی اور عالمی سطح پر چھاپ چھوڑے جانے پر اُن کی ستائش کی۔

صدر مرمو نے یہ رائے زنی کل 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقعے پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ صدر مرمو نے کہا کہ ملک میں دنیا کی سب سے بڑی نوجوان آبادی ہے اور اس کے نوجوانوں میں زبردست صلاحیت موجود ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک کی نوجوان آبادی کی ایک بڑی تعداد خود روزگاری کے ذریعے کامیابی کی متاثر کُن مثالیں پیش کر رہی ہے۔

S/B - Droupadi Murmu Employment

صدر جمہوریہ نے اپنے خطاب میں یہ بھی کہا کہ عالمی سطح پر غیریقینی صورتحال کے باوجود بھارت، لگاتار اقتصادی ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ اُنہوں نے خاص طور پر کہا کہ ملک، دنیا کی سب سے تیز رفتاری سے اُبھرتی ہوئی ایک بڑی معیشت ہے، جو مستقبل قریب میں تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

ہر ایک پر ''ملک مقدم'' اور بھارت کو مزید شاندار بنانے کے جذبے کے ساتھ مل کر کام کرنے پر زور دیتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ یوم جمہوریہ، وطن پرستی کے مضبوط احساس کو مستحکم بنانے کا ایک موقع ہے۔

انہوں نے پچھلے سال آپریشن سندور کے ذریعے دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے پر بھارت کی طرف سے،

نہایت احتیاط سے کیے گئے حملوں کا بھی ذکر کیا۔

S/B - Droupadi Murmu Sindoor

PM Interns

یومِ جمہوریہ کی تقریبات کے حصے کے طور پر حکومت نے نئی دلی میں وزیر اعظم انٹرن شپ اسکیم PMIS کے تحت ملک بھر سے آئے ہوئے 100 سے زائد انٹرنز کے لیے تین روزہ پروگرام کا انعقاد کیا ہے۔ کارپوریٹ امور کی وزارت نے کہا کہ یہ انٹرنز آج یومِ جمہوریہ پریڈ میں خصوصی مہمان ہوں گے۔
ٹور پروگرام کے تحت، پی ایم آئی ایس کے انٹرنز نے مرکزی وزیر ہرش ملہوترا سے ملاقات کی اور اسکیم کے حوالے سے سیکھنے کے تجربات، اپنی امنگوں اور تاثرات کا اظہار کیا۔ انٹرنز سے خطاب کرتے ہوئے جناب ملہوترا نے کہا کہ بھارت کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے پی ایم آئی ایس کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ یہ نظریاتی تعلیم اور عملی تجربے کے درمیان ایک پل کا رول ادا کرے اور نئے مواقع فراہم کرے۔x

Prez Gallantry Award

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے 77 ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر مسلح افواج کے 70 اہلکاروں کیلئے بہادری ایوارڈز کی منظوری دی ہے، جن میں 6 ایوارڈز بعد از مرگ دیئے گئے ہیں۔ بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کو ملک کے اعلیٰ ترین امن کے دور کے شجاعت کے ایوارڈ اشوک چکر سے نوازا گیا ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جانے والے پہلے بھارتی بن کر تاریخ رقم کی تھی۔ میجر Arshdeep سنگھ، نائب صوبیدار Doleshwar Subba سنگھ اور گروپ کیپٹن Prashanth Balakrishnan Nair کو Kirti چکر سے سرفراز کیا گیا ہے۔ x

Republic Day Gallantry Medals

یومِ جمہوریہ 2026 کے موقع پر پولیس، آگ بجھانے والے محکمے، ہوم گارڈ، سول ڈیفنس اور اصلاحی خدمات سے تعلق رکھنے والے 982 اہلکاروں کو شجاعت کے ایوارڈز اور سروس میڈلس سے نوازا گیا ہے۔ ان میں سے 125 اہلکاروں کو شجاعت کے تمغے سے سرفراز کیا گیا ہے۔ یہ تمغہ جان و مال کی حفاظت، جرائم کی روک تھام یا مجرموں کی گرفتاری کے دوران غیر معمولی اور نمایاں جرأت اور بہادری کا مظاہرہ کرنے پر دیا جاتا ہے۔
اِس کے علاوہ 101 اہلکاروں کو ممتاز خدمات کیلئے صدر کے میڈلس عطا کیے گئے ہیں، جبکہ 756 اہلکاروں کو نمایاں خدمات کیلئے تمغے سے نوازا گیا ہے۔x

## Republic Day Traffic Advisory

دلی پولیس نے یومِ جمہوریہ کی پریڈ اور اس سے وابستہ دیگر ثقافتی تقریبات کے خوش اسلوبی سے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ٹریفک سے متعلق تفصیلی ایڈوائزری جاری کی ہے۔ یومِ جمہوریہ کی پریڈ اپنے روایتی راستے وجے چوک سے لال قلعہ تک منعقد ہوگی۔ خوش اسلوبی سے تقریب کے انعقاد کیلئے ٹریفک کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ دلی پولیس نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے سفر کی پیشگی منصوبہ بندی کریں اور مقررہ پابندی والے اوقات میں سینٹرل دلی جانے سے گریز کریں۔ شہریوں کو ان راستوں اور پابندی والے علاقوں کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا ہے جہاں متبادل راستے دستیاب ہیں۔ ٹریفک پابندیاں، جو گزشتہ رات سے نافذ ہو چکی ہیں، آج پریڈ کے اختتام تک برقرار رہیں گی۔

کرتویہ پتھ، پریڈ کے ختم ہونے تک ٹریفک کے لیے بند رہے گا۔ آج دوپہر 2 بجے تک وجے چوک اور انڈیا گیٹ کے درمیان کرتویہ پتھ پر کسی قسم کی کراسنگ کی اجازت نہیں ہوگی۔ اس کے علاوہ، انڈیا گیٹ کے قریب سی-ہیگزاگون صبح 9 بجکر 15 منٹ سے ٹریفک کے لیے بند رہے گا۔ تلک مارگ، بہادر شاہ ظفر مارگ اور نیتاجی سبھاش مارگ پر ٹریفک کو صبح ساڑھے دس بجے سے متبادل راستوں کی طرف موڑ دیا جائے گا۔

اِس کے علاوہ دلی پولیس نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ پریڈ کے راستے اور اس کے اطراف کے علاقوں میں غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور صرف ضرورت کے تحت ہی سفر کریں۔ عوام کی سہولت کے لیے دلی میٹرو نے آج تمام لائنوں پر اپنی خدمات صبح تین بجے سے شروع کر دی ہیں تاکہ لوگ کرتویہ پتھ پہنچ کر یومِ جمہوریہ کی تقریب کا نظارہ کرسکیں۔ صبح 6 بجے تک ٹرینیں ہر 15 منٹ کے وقفے سے چلیں گی، اس کے بعد دن بھر کے لیے معمول کا شیڈول نافذ ہے۔

دلی میٹرو نے مسافروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے سفر کی پیشگی منصوبہ بندی کریں اور پہلے آکر میٹرو سروسز سے فائدہ اٹھائیں تاکہ آخری وقت کی کسی بھی پریشانی سے بچا جا سکے۔x

## Padam Awards

حکومت نے سال 2026 کے لیے 131 پدم ایوارڈز کا اعلان کیا ہے۔ ان ایوارڈز میں پانچ پدم وبھوشن، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری شامل ہیں۔ پدم ایورڈز حاصل کرنے والوں میں 19 خواتین شامل ہیں جبکہ 16 ایوارڈز بعد از مرگ دیے جا رہے ہیں۔

ایوارڈز یافتگان میں اداکار دھرمیندر اور Mammootty، جج KT تھومس اور سیاست داں VS Achuthanandhan، گلوکارہ الکا یاگنِک اور کرکٹر روہت شرما شامل ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Ankit

پدم بھوشن ایوارڈز حاصل کرنے والوں کی فہرست میں اتراکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ بھگت سنگھ کوشیاری، تمل ناڈو کے Kallipatti Ramasamy Palaniswamy اور کیرالہ کے معروف ملیالم اداکار Mammootty شامل ہیں۔ دیگر اعزاز یافتگان میں تمل ناڈو کے Nori Dattatreyudu، وجے امرت راج اور S.K.M Maeilanandhan، Shatavadhani آر گنیش، بینکر اُدے کوٹک اور Vellapally Natesan شامل ہیں۔ پیوش پانڈے، وی۔ کے۔ ملہوترا اور شیبو سورین کو بھی بعد از مرگ پدم بھوشن سے نوازا گیا ہے۔

113 افراد کو چوتھے اعلیٰ ترین سول اعزاز پدم شری کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ یہ ایوارڈ فنون لطیفہ، سماجی خدمات، طب، زراعت، ادب، تعلیم اور کھیل جیسے شعبوں میں نمایاں خدمات کے اعتراف کے لیے دیا جاتا ہے۔

بھارت کے سرکردہ بلے باز روہت شرما، پروین کمار اور بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم ہرمن پریت کور، بلدیو سنگھ، K Pajanivel ، سویتا Punia کو کھیلوں کے شعبے میں اُن کی نمایاں کارکردگی کیلئے پدم شری سے نوازا گیا ہے۔ x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Cricket T20

کرکٹ میں، گوہاٹی Barsapara میں ACA اسٹیڈیم میں ہونے والی پانچ میچوں کی سیریز کے تیسرے T20 میچ میں، بھارت نے نیو زیلینڈ کے خلاف فیصلہ کُن اور شاندار جیت درج کی۔ کل رات کھیلے گئے مقابلے میں بھارت نے 8 وکٹوں سے جیت حاصل کی۔

سوریہ کمار یادو کی قیادت والی بھارتی ٹیم نے اب سیریز میں ناقابلِ تسخیر سبقت حاصل کر لی ہے۔

بھارتی ٹیم نے محض 10 اووروں میں 2 وکٹ کے نقصان پر نیو زیلینڈ کے دیے گئے رنوں کے نشانے کو حاصل کر لیا۔ ابھیشیک شرما نے 20 گیندوں میں 68 رن بنائے، جبکہ کپتان سوریہ کمار یادو نے 26 گیندوں میں 57 رن بنائے۔

ابھیشیک شرما بین الاقوامی T20 میچوں میں دوسری سب سے تیز نصف سنچری بنانے والے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انہوں نے 14 گیندوں میں یہ سنگ میل طے کر کے ریکارڈ قائم کیا۔ جسپریت بمراہ 'پلیئر آف دا میچ' رہے۔ چوتھا T20 مقابلہ بدھ کو وشاکھا پٹنم میں کھیلا جائے گا۔x

EU Leaders Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل نئی دلّی میں، یوروپی کونسل کے صدر انتونیو لوئی سانتوس داکوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فونڈیر Leyen سے ملاقات کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے اعتماد ظاہر کیا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ دونوں رہنماؤں کی آئندہ بات چیت سے بھارت-یوروپی یونین تعلقات میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوگا۔

یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا کا، بھارت کے سرکاری دورے پر کل نئی دلّی میں خیر مقدم کیا گیا۔ اُن کا خیر مقدم تجارت اور صنعت اور الیکٹرانس و اطلاعاتی ٹکنالوجی کے وزیر مملکت جتن پرساد نے کیا۔ جناب کوستا اور محترمہ Leyen کو ہوائی اڈّے پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے یوروپی کمیشن کی نائب صدر Kajja Kallas سے نتیجہ خیز بات چیت کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے باہمی تبادلوں میں تیزی لانے اور معاون ایجنڈے کو آگے بڑھانے سے اتفاق کیا۔

اس دورے میں دونوں رہنما، بھارت-یوروپی یونین دفاعی شراکت داری کے اگلے مرحلے کے امکانات بھی تلاش کریں گے۔x

Pragati Special Story

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور یہ جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کی تلقین کو فروغ دیتا ہے۔ آج اس خصوصی سیریز میں ہم مہاراشٹر میں Nerul- Belapur Uran ریلوے لائن کا جائزہ لے رہے ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Akshit

Nerul-Belapur-Uran ریلوے لائن Strategic اہمیت کا حامل ایک مضافاتی ریل انفراسٹرکچر پروجیکٹ ہے۔ مذکورہ پروجیکٹ ریلوے کی وزارت کی سرپرستی میں تھا اور نظر ثانی کے بعد اس کی مالیت 2 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ تھی۔ اس ریلوے لائن کی منصوبہ بندی 2 مرحلوں میں کی گئی تھی۔ پہلا مرحلہ Nerul-Belapur-Seawood سے Kharkopar تک اور دوسرا مرحلہ Kharkopar سے Uran تک تھا۔

پروجیکٹ میں جنگل اور Mangrove کی زمین کے استعمال کی منظوری، زمین کا حصول، نجی زمین کو استعمال کرنے کی اجازت، بنیادی خدمات کی منتقلی اور شہری نیز صنعتی ڈوپلمنٹ کارپوریشن کے درمیان معاشی تعاون سمیت متعدد

رکاوٹیں حائل تھیں۔

پروجیکٹ کی اہمیت کے مدنظر، پرگتی میکانزم کے تحت 22 فروری 2017 کو ان مسائل کا منظّم جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نریندر مودی کے جائزے کے تحت، منظّم اور بروقت حکمرانی فریم ورک کو فعال کیا گیا اور ریلوے کی وزارت، CIDCO ، مہاراشٹر کی حکومت، جنگلات کا محکمہ اور ضلعی انتظامیہ کے قریبی تعاون سے کام کیا۔ قیادت پر مبنی اس اقدام سے اس پروجیکٹ میں پیش رفت ہوپائی۔ نومبر 2018 میں پروجیکٹ کا پہلا مرحلہ عوام کیلئے کھل گیا اور اس کے بعد 12 جنوری 2024 کو وزیراعظم نریندر مودی کے افتتاح کیے جانے کے بعد دوسری مرحلے کا بھی عوامی خدمات کیلئے آغاز ہوگیا۔ اس پروجیکٹ کی کامیاب تکمیل حکمرانی کے عمل کے محرک کے طور پر پرگتی میکانزم کی اہمیت کی عکاسی کرتی ہے۔

آکاشوانی نیوز دلی سے Akshit Vedyan کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں ......

## West Bengal

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے چیف سیکریٹری کو بشیر ہارٹ-II کے اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن آفیسر AERO اور بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر BDO سمترا Pratim پردھان کو فوری طور پر معطل کرنے اور انھیں ووٹر فہرست سے متعلق تمام کاموں سے ہٹا دینے کی ہدایت دی ہے۔

چیف سیکریٹری کو لکھے گئے ایک خط میں کمیشن نے کہا ہے کہ مذکورہ افسر نے غیر قانونی طور پر چار اہلکاروں کو اضافی AERO مقرر کیا تاکہ ووٹر فہرست میں پائی جانے والی بے ضابطگیوں سے متعلق سماعتیں کی جا سکیں۔ کمیشن کے مطابق، ان اہلکاروں کو عوامی نمائندگی ایکٹ 1950 کی دفعہ 13C کے تحت کبھی بھی باضابطہ طور پر AERO نامزد نہیں کیا گیا تھا۔

کمیشن نے کہا کہ اس طرح کی کارروائی سنگین بدانتظامی اور قانونی دفعات کی خلاف ورزی کے مترادف ہے۔ انتخابی کمیشن نے فوری طور پر کارروائی شروع کرنے کا حکم دیا ہے اور 48 گھنٹوں کے اندر، اس سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی ہے۔ کمیشن نے باقاعدہ طور پر تادیبی کارروائی کی پیش رفت سے متعلق تازہ جانکاری بھی طلب کی ہے۔x

## RBI Forex

بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر میں، 16 جنوری کو ختم ہفتے میں 14 اعشاریہ ایک چھ سات ارب ڈالرز کا اضافہ ہوا اور اب یہ 701 اعشاریہ تین چھ ارب ڈالرز تک پہنچ گئے ہیں۔ ایسا سونے کے ذخائر اور غیر ملکی

کرنسی کے اثاثوں، دونوں میں تیزی سے اضافے کے سبب ہوا ہے۔ ملک کے غیر ملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر، اب تک کی بلند ترین سطح 704 اعشاریہ آٹھ نو ارب ڈالرز کے نزدیک درج کیے جا رہے ہیں۔ اس ہفتے میں، غیر ملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر کے سب سے بڑے حصے، بھارت کے غیر ملکی کرنسی کے اثاثے FCA ، نو اعشاریہ چھ پانچ دو ارب ڈالرز بڑھ کر، 560 اعشاریہ پانچ ایک آٹھ ارب ڈالرز تک پہنچ گئے۔

ریزرو بینک آف انڈیا RBI کے ڈیٹا سے معلوم ہوتا ہے کہ سونے کے ذخائر، پچھلے ہفتے کے ذخائر سے 4 اعشاریہ چھ دو تین ارب ڈالرز بڑھ کر، اس وقت 117 اعشاریہ چار پانچ چار ارب ڈالرز تک پہنچ گئے ہیں۔×

## SAFF WOMEN'S FUSTSAL CH'CHIP

بنکاک میں جاری خواتین کی SAFF - Futsal چیمپئن شپ میں کل بھارت، سری لنکا پر پانچ-دو سے جیت درج کر کے Runners-up رہا۔ سونالی منڈل نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے hat-trick کی، جبکہ مِتھیلا رمانی اور پوجا گپتا نے ایک-ایک گول کیا۔

اس جیت کے ساتھ ہی، بھارت چھ میچوں سے 12 پوائنٹس حاصل کر کے، بنگلہ دیش کے بعد دوسرے مقام پر رہا۔×

## Phillipines Sea Accident

فلی پینس کے جنوب میں آج ایک چھوٹا بحری جہاز سمندر میں ڈوب گیا۔ Zamboanga سے Sulu صوبے میں Jolo جزیرے جا رہے اس جہاز پر 332 مسافر اور عملے کے 27 اہلکار سوار تھے۔ فلی پینس کوسٹ گارڈ، بحریہ اور مقامی ماہی گیروں نے کم از کم 215 افراد کو بچا لیا اور سات لاشیں بھی برآمد کی ہیں۔ سو سے زیادہ افراد اب تک لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔×

## Ex-BCCI Chief Dies

سابق BCCI صدر اندرجیت سنگھ بِندرا کل 84 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ وہ بھارت میں کرکٹ مارکیٹنگ کے نئے دور کا آغاز کرنے والی اہم شخصیت تھے اور انہوں نے 1993 سے 1996 تک BCCI کے صدر کے طور پر خدمات انجام دی تھیں۔

وہ 1978 سے 2014 تک، تین دہائیوں سے زیادہ عرصے تک، پنجاب کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر بھی رہے تھے۔ ان کی خدمات کے اعتراف میں، سال 2015 میں، موہالی میں PCA اسٹیڈیم کا نام تبدیل کر کے IS

Bindra اسٹیڈیم کیا گیا تھا۔

ICC چیئر پرسن جے شاہ نے انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے تعزیت کا اظہار کیا اور انہیں بھارتی کرکٹ انتظامیہ کی اہم شخصیت قرار دیا۔×

Congo Attack

افریقی ملک کانگو کے مشرق میں کل داعش سے منسلک ایک ملیٹنٹ گروپ کے حملے میں 25 افراد ہلاک ہو گئے۔ Ituri صوبے کے Irumu علاقے میں Apakulu گاؤں میں ہوئے Allied ڈیموکریٹک فورس ADF کے اس حملے میں 15 افراد ایک گھر میں زندہ جل گئے، جبکہ سات افراد کو گولی مار کر ہلاک کیا گیا۔ تین دیگر افراد Walese-Vonkutu علاقے میں ہلاک ہوئے۔

ADF، یوگینڈہ اور کانگو کے درمیان سرحدی خطّے میں سرگرم ہے اور اس گروپ نے بہت سے سویلین افراد کو ہلاک کیا ہے۔

یوگینڈہ اور کانگو کی مسلح فورسز ADF کے خلاف مشترکہ طور پر کارروائیاں انجام دے رہی ہیں۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد المالک

شکریہ -نتیکا تیاگی

یومِ جمہوریہ سے قبل، قوم کے نام صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے خطاب کو قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے اپنی پہلی خبر بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے محترمہ مرمو کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت، جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنے گا، جبکہ روزنامہ انقلاب نے سرخی لگائی ہے کہ ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر تمام شہریوں کی ذمہ داری۔ یومِ جمہوریہ پر قوم کے نام خطاب میں صدر جمہوریہ نے ہندوستانی آئین کی اہمیت، جمہوری نظام میں ووٹروں کے کردار، ملک کی تہذیب اور ثقافت کا ذکر کیا۔

آج کے اخباروں نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے ''من کی بات'' پروگرام کے ذریعے قوم سے اظہار خیال کو بڑی خبر بنایا ہے۔ انقلاب نے وزیرِاعظم کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ اجتماعیت کا جذبہ قوم کی سب سے بڑی

طاقت۔

نوجوان پوری قوت کے ساتھ معیار کو ترجیح دیں۔ بھارت کے پاس دنیا کا تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اپ ایکو نظام ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے 2026 کیلئے آنجہانی اداکار دھرمیندر سمیت پانچ شخصیات کو پدم وِبھوشن اور 13 دیگر کو پدم بھوشن سے نوازے جانے کے اعلان کو جلی سرخیوں میں شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ پولیس، فائربریگیڈ اور سول ڈیفنس کے 982 اہلکاروں کو بہادری اور سروس میڈل دیے جانے کا بھی ذکر کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کے مطابق، راجدھانی 77ویں یومِ جمہوریہ کی تقریبات کیلئے تیار۔ سخت ترین حفاظتی اقدامات۔

اسی اخبار نے معروف صحافی اور مصنف مارک ٹلی کے انتقال کی خبر دی ہے۔ اخبار کے مطابق دو دہائی سے زیادہ مدت تک انھوں نے بی بی سی کیلئے خدمات انجام دی تھیں۔

اس کے علاوہ اردو زبان و ادب کے معروف شاعر طاہر فراز کے انتقال کی خبر کو بھی آج کے اخبارات نے نمایاں کیا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- ملک آج 77 واں یومِ جمہوریہ منا رہا ہے۔ قومی راجدھانی میں کرتویہ پتھ پر، یومِ جمہوریہ کی پریڈ میں بھارت کی فوجی طاقت اور مالا مال ثقافتی ورثے کو نمایاں کیا جائے گا۔

2- نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام کو یومِ جمہوریہ کی مبارکباد دی ہے۔

3- یوروپی کونسل کے صدر انتونیو کوستا اور یوروپی کمیشن کی صدر اُرسلا فوندیر Leyen، یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

4- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کی اقتصادی تقدیر کی تشکیل میں، آتم نربھرتا اور سودیشی، رہنماء اصول ہیں۔ انہوں نے بھارت کے نوجوان چھوٹے کاروباریوں، کھیل کود سے وابستہ شخصیتوں، سائنسدانوں اور پیشہ ور افراد کی تعریف کی ہے کہ انہوں نے ملک کو توانائی بخشی اور عالمی سطح پر اپنی چھاپ چھوڑی۔

5- اس سال کے پدم ایوارڈز کیلئے 131 امتیازی شخصیتوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اداکار دھرمیندر اور مموٹی، سپریم کورٹ کے سابق جج K T Thomas اور گلوکارہ الکا یاگنک اور کرکٹ کھلاڑی روہت شرما اِن شخصیتوں میں شامل ہیں۔

6- مسلح فوجوں کے 70 اہلکاروں کیلئے بہادری انعامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شُبھانشو شکلا کو اشوک چکر سے نوازا گیا۔

7- اور کرکٹ میں، بھارت نے تیسرے T20 میچ میں نیو زیلینڈ کو 8 وکٹ سے کراری شکست دے کر، پانچ میچوں کی سیریز میں تین-صفر کی ناقابلِ تسخیر سبقت حاصل کر لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔